میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ ترکی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعرات، 30رجب، 1438ھ 27/04/2017 نمبر: TR-BA-2017-MB-TR-007

پریس ریلیز

کیا ترکی کا مقام امت مسلمہ کی قیادت کرنا ہے یا یورپی یونین کی رکنیت حاصل کرنا؟

یورپی کونسل کی پارلیمانی اسمبلی (PACE) کے رکن ممالک اپنے موسم بہار کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے لئے 25اپریل 2017 کو ملے، جس میں ایک رپورٹ بعنوان "ترکی میں جمہوری اداروں کی عملی کارکردگی" پر بحث کی گئی۔اس اجلاس میں رپورٹ کے ساتھ آنے والے فیصلے کے مطابق 45ووٹوں کے مقابلے میں 113 ووٹوں کے تحت فیصلہ کیا گیا کہ ترکی کا "سیاسی معائنہ"("political inspection") کیا جانا چاہیے۔اس رپورٹ میں مطالبہ کیا گیا کہ "خاص طور پر 15 جولائی کی بغاوت کی کوشش کے بعد ہنگامی حالت کے تحت کیے گئے فیصلوں سے جمہوری اداروں کے کام کرنے کے طریقہ کار میں کمزوری واقع ہوئی ہے، لہٰذا ہنگامی حالت کو جلد از جلد ختم کیا جانا چاہئیں"۔اس مطالبے کے بعد ترکی اور یورپ کے درمیان تعلقات 2004 سے پہلے کی سطح پر واپس لوٹ گئے ہیں۔ صدر اردوان نے یورپی کونسل کی پارلیمانی اسمبلی (PACE) کی جانب سے "معائنہ" کے مطالبہ کو ایک "سیاسی فیصلہ" قرار دیا اور کہا "ترکی اس فیصلے کو تسلیم نہیں کرے گا"۔

ہم **حزب التحریر / ولایت ترکی** نے، پورے 13 سال پہلے، 12 ستمبر 2004 میں استنبول میں منعقدہ ایک کانفرنس میں ایک سوال پوچھا تھا: **"کیا ترکی کا مقام امت مسلمہ کی قیادت ہے یا یورپی یونین کی رکنیت؟"** اور کہا تھا کہ "ترکی کی جگہ سامراجی یورپ میں نہیں! اس کے بجائے اسے امت مسلمہ کی قیادت کرنا چاہیے، تاکہ یہ تمام انسانیت کے لئے تہذیب، مسرت اور امن کا پرچم بردار ہو سکے۔اور جب وزیر اعظم رجب طیب اردوان کی طرف سے مذاکرات کی تاریخ ترکی کی طرف ایک بار پھر واپس پیش کی گئی، جب اردوان کا "یورپ کے فاتح" کے طور پر خیر مقدم کیا جارہا تھا تو ہم نے ان کے نام مشورہ اور تنبیہ کا ایک کھلا خط لکھا تھا: "اس ملک کے حکمران اس کے لوگوں کو اپنے دین سے پھیرنے میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے، یہ حکمران بے کار اور گھٹیا مغربی تہذیب اور اس کے بیچ اور آلودہ مغربی نظریات پر چلنے پر کبھی بھی لوگوں کو قائل نہیں کر سکیں گے۔یورپی یونین ترکی کو کبھی بھی اپنی صفوں میں قبول نہیں کرے گا جب تک کہ یہ مکمل طور پر اسلام کو چھوڑ نہیں دیتے"، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«الدِّينُ النَّصِيحَةُ» قيل: لمن يا رسول الله؟ قال: «لِلَّهِ وَلِكِتَابِهِ وَلِرَسُولِهِ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ وَعَامَّتِهِمْ»

"دین نصیحت ہے۔" ہم نے کہا: **اے اللہ کے رسول ﷺ کس کے لئے؟** آپ ﷺ نے فرمایا، **"اللہ اور اس کی کتاب اور اس کے رسول کے لئے، مسلمانوں کے رہنماؤں اور ان کے عام لوگوں کے لئے"**

ہم بھروسہ کرتے ہوئے ایک بار پھر ترکی کے حکمرانوں کو مشورہ دیتے ہیں! شاید وہ اپنے غلط عمل سے گریز کریں اور نصیحت حاصل کریں!

1 آپ کو اعلان کرنا ہے کہ آپ نے یورپی یونین کے ساتھ تمام تعلقات ختم کر دیے ہیں جو کہ کفار ممالک پر مشتمل ہے جو اسلام اور مسلمانوں کے مخالف ہیں اور یہ کہ آپ ترکی کو یورپی یونین میں شامل ہونے کی اجازت نہیں دیں گے۔

2 آپ ترکی کا کنٹرول حوالے کر دینگے: امریکہ کو اگر آپ صدارتی نظام اختیار کرتے ہیں، یورپ کو اگر آپ یورپی یونین میں شمولیت اختیار کرتے ہیں، اور روس کو اگر آپ شنگھائی تعاون تنظیم میں شمولیت اختیار کرتے ہیں۔ یہ ترکی کے عوام کے لئے آپ کی طرف سے کیا جانے والا ایک نہایت ہی گھٹیا فیصلہ ہو گا۔ امریکہ، یورپ، روس ہم سے کبھی بھی خوش نہیں ہونگے جب تک ہم ان کے مذہب میں شامل نہ ہو جائیں۔ لہٰذا ان کو خوش کرنا بند کریں!

3 ترکی کبھی بھی استعماری طاقتوں کے تحت ایک مضبوط ملک نہیں بن سکتا۔اس کے بالکل برعکس یہ صرف انہیں اپنا مکمل کنٹرول حوالے کر دے گا اور خود ان کے دیے ہوئے بیچ کاموں کو پورا کرنے میں گھل جائے گا۔ لہٰذا ان استعماری طاقتوں سے تعلقات ختم کریں جو ترکی کے اوپر کسی سر کاٹنے والی مشین کی طرح کھڑے ہیں۔

4 یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ صرف نبوت کے طریقہ پر خلافت راشدہ کا دوبارہ قیام ہی امت مسلمہ کو متحد کر سکتا ہے۔ تو ہم صرف اپنے دین کی وجہ سے ہی عظیم اور طاقتور بنیں گے، اپنے رب کی مدد سے مضبوط ہوں گے، اس دنیا اور بعد میں آنے والی آخرت کی زندگی میں خوش اور امن میں ہوں گے۔

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ویب پیج: www.hizb-turkiye.org
ای میل: bilgi@hizb-turkiye.org

(وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيز)

"اور جو شخص اللہ (کے دین) کی مدد کرتا ہے یقیناً اللہ اس کی مدد فرماتا ہے۔ بیشک اللہ بڑی قوت والا (سب پر) غالب ہے"

(سورۃ الحج:40)

ولایہ ترکی میں حزب التحریر کا میڈیا آفس